مجھ کو انجہانی کی قدمبوسی سے فیضیاب ہونے کا موقع اس وقت نصیب ہوا جب لہ وہ آخری مرتبہ دفتر زمانہ کانپور میں قیام پذیر تھے۔اور رسالہ زمانہ و اخبار آزاد کی ادارت میں اپنی بے مثل دماغی قابلیت کے ذریعہ قرار واقعی مدد دے رہے تھے۔یہ اگست یا ستمبر ۱۹۱۳ء کی بات ہے۔وہ محض حسن اتفاق تھا کہ ایڈیٹر صاحب زمانہ سے ملنے کے لیے جانے پر میں مرحوم سے بھی مل سکا ملنا کیا تھا شاید زیادہ سے زیادہ گھنٹہ بھر تک چند ایسے کلمات کا سن لینا جوان کی زبان سے وقفہ کے ساتھ ادا ہو جاتے تھے ۔کیونکہ اس وقت مرحوم اپنے ادارتی کام کی انجام دہی مین حد درجہ منہمک تھے ۔البتہ سرسری ملاقات سے اتنا ضرور ہوا کہ مجھ کو مرحوم سے روشناس ہونے کے لئے کافی وقت مل گیا اور دل پر ایک ایسا اثر پڑا جو اہل کمال کی قربت سے چند لمحوں میں بھی یقیناً پڑ جایا کرتا ہے مجھے اس وقت جہاں تک خیال ہے نظر مرحوم ایک دبلے پتلے، گندمی رنگ کے، میانہ قد بزرگ تھے ان کے بشرہ سے شرافت، متانت اور ذہانت کے آثار نمایاں طریقہ پر آشکار تھے اور ساتھ ہی اس میں مسلسل غور وفکر سے پیدا ہو جانے والی نمود کا بھی شائبہ نظر آتا تھا۔مرحوم لکھنو کے مردم خیز خطہ میں پیدا ہوئے تھے ان کا سنہ ولادت ۱۸۶۶ تھا اور ان کا تعلق ایک ایسے معزز کائستھ خاندان سے تھا جس کے ممبر لکھنو کے شاہی زمانہ میں اچھے اچھے عہدوں پر مامور رہ چکے تھے۔لیکن جو اعزاز کہ خاندانی عزت وقدامت کے بناؤ پر حاصل ہوتا ہے وہ حقیقی اعزاز نہیں ہوتا اور نہ دنیا کی ممتاز ہستیاں محض ایسے اعزاز کے حصول پر قانع ہو سکتی ہیں وہ اپنے لئے خود ہی عزت و ناموری کے ایسے خاص ذرائع پیدا کر لیتی ہیں ۔جن سے بالآخران کی خاندانی شہرت کے آسمان کو بھی چار چاند لگ جاتے ہیں۔نظر مرحوم کی نسبت بھی یہی بات کہی جا سکتی ہے وہ ایسے مقام پر پیدا ہوئے تھے جس کے ساتھ آتش وناسخ وبیروانیس،امیر وجلال جیسے استادان سخن کے تعلقات وابستہ رہ چکے ہیں[1]۔اور جو اس وقت بھی شعر وسخن کی سرزمین کہلائے جانے کا بڑی حد تک سزا وار ہے ۔مرحوم نے اسی سرزمین کے ادبی آب وہوا میں پرورش پائی تھی ان کو قدرت کی جانب سے ایک اثر پذیر دل عطا ہوا تھا اور یہی وجہ تھی کہ وہ اپنی نشوونما کی حالت میں ہوتے ہوئے اس آب وہوا کے لطف آگیں اثر سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔اکتساب علوم کے ساتھ ساتھ ان کی نکتہ سنج طبیعت نے قدرتی رنگ دکھلانا شروع کیا۔جناب آغا مظہر لکھنوی مرحوم بڑے پائے کے شاعر تھے وہ اس قدر محتاط تھے کہ ان سے تلمذ حاصل کرنا ہر شاعر کا کام نہ تھا۔نظر کی عمر صرف سترہ سال کی تھی جب کہ لکھنو کے کسی خاص مشاعرہ میں انھوں نے بھی اپنی غزل پڑھی یہ غزل مظہر صاحب کی دی ہوئی اصلاح سے مزین تھی گویا انہوں نے اسی وقت سے ہونہار نو عمر شاعر کو اپنے زمرۂ تلامذہ میں داخل کر لیا تھا قابل استاد نے اپنے وسیع تجربے کے رو سے یہ بات معلوم کر لی تھی کہ ان کی نظر انتخاب ایسے نوجوان پر پڑی ہے جو آئندہ کسی وقت ان کی نیک نامی میں کافی اضافہ کرے گا۔اور حضرت مظہر کا یہ خیال کسی طرح بھی غلط ثابت نہیں ہوا۔نظر مرحوم نے انھیں سے اکتساب فن بھی کیا اور اکتساب کمال بھی حتی کہ اپنی نازک خیالی و پختہ مشقی کی بدولت وہ بالآخر خود ہی ایک کامیاب استاد بن گئے۔ان باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ مرحوم اوائل عمر ہی کے زمانہ سے کس قدر طباع وذکی واقع ہوئے تھے اسی طباعی وذکات فطری نے آگے چل کر دنیائے ادب میں وہ کار نمایاں کئے کہ آج نظر مرحوم کا شمار لکھنو کے نامی اساتذہ میں یقیناً

کیا جا سکتا ہے جس کے وبہمہ وجوہ اہل تھے سب سے پہلا علمی کام جس کو نظر انہمانی نے ایک مستقل صورت میں شائقین علم وادب کے سامنے پیش کیا وہ خدنگ نظر،، نامی ماہوار رسالہ کا اجراء تھا۔ یہ ستمبر ۱۸۹۷ میں لکھنو سے شائع ہوا کئی سال ہوئے کہ مجھے اتفاق سے اس پرچہ کی چند پرانی کاپیاں مل گئیں تھیں اور جو میری غفلت سے تھوڑے ہی دنوں بعد ضائع بھی ہوگئیں یہ رسالہ دراصل اردو غزلیات کا ایک ماہانہ گلدستہ تھا۔ اس وقت ملک میں اس قسم کے گلدستوں کو نکالنے کا رواج بھی تھا مگر خدنگ نظر میں بعد کو کچھ نثر کے مضامین بھی چھپنے لگے تھے جناب آغا مظہر مرحوم نے بھی اس رسالہ کو کامیاب بنانے میں خاصی مدد دی تھی غزلیات کی فراہمی کے لئے انھوں نے مشاعروں کے انعقاد کا کافی بندوبست کیا تھا۔ غرض کہ اس بات کی پوری کوشش کی گئی تھی کہ شعرائے وقت کا کلام زیادہ سے زیادہ پیانہ پر دستیاب ہو سکے اور خدنگ نظر ایک چوٹی کا رسالہ ہو وقت کے لحاظ سے پرچہ بھی واقعی شاندار تھا لیکن ان سب باتوں با جود بھی وہ چند سالوں سے زیادہ نہ رہ سکا۔ نظر مرحوم کو اس کے بند ہو جانے کا رنج تمام عمر رہا۔ بعد ازاں وہ ۱۹۰۴ء میں رسالہ زمانہ (کانپور) کے سب ایڈیٹر مقرر ہو گئے۔ اور میری ناچیز رائے کے موافق نظر صاحب کے علمی مساعی سے زمانہ کی ابتدائی شہرت میں اضافہ ہوا اسی نسبت سے ان کی ذاتی شہرت کا دائرہ بھی وسیع تر ہوتا گیا۔ جنوری ۱۹۱۰ء میں انڈین پریس الہ آباد سے اردو کا مشہور ماہوار رسالہ ''ادیب'' بڑی آب وتاب کے ساتھ نکالا ''ادیب'' کی یاد سے دل میں اب تک کسی قدر بے چینی ضرور ہو جاتی ہے۔ نظر مرحوم اس کے اول ایڈیٹر تھے۔ اس کو اردو زبان کی بدنصیبی ہی کہنا چاہے کہ ایسا اچھا ہونہار پرچہ ساڑھے تین سال سے زیادہ جاری نہ رہ سکا اور اس سے نظر صاحب کا تعلق تو صرف ڈیڑھ سال کے قریب رہا۔ انھوں نے جس غیر معمولی قابلیت کیساتھ رسالہ کو ایڈیٹ کیا تھا۔ اس کی شہادت ادیب کے

اوراق کہنہ سے آج بھی مل سکتی ہے بہر حال یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ نظر مرحوم کی ادبی شہرت کا آغاز خدنگ نظر کے اجراء سے ہوا تھا اور بعدہٗ جس کی ترقی میں رسالہ زمانہ کی سب ایڈیٹری نے معقول مدد دی تھی۔ وہ بالآخر ادیب کے زمانہ ادارت میں قریب قریب اپنی حد تکمیل کو پہنچ گئی تھی۔ ادیب سے الگ ہو جانے کے کچھ دنوں بعد یعنی ۱۹۱۲ء میں وہ ''زمانہ'' کے دفتر چلے گئے۔ اور اس مرتبہ ان کا قیام وہاں تقریباً دو سال تک رہا۔ ان کی موجودگی سے پرچہ میں ایک قابل قدر دلکشی پیدا ہوگئی تھی ایڈیٹر صاحب زمانہ کی ندرت آفرینیوں کی شمولیت سے ایسا ہونا بالکل ایک قدرتی امر تھا اس وقت رسالہ زمانہ میں دو ایک نئے عنوانوں کا اضافہ بھی کیا گیا ہے ۱۹۱۴ء میں نظر صاحب بسلسلہ ملازمت نو لکشور پریس لکھنو میں چلے گئے اور وہاں سے نکلنے والے روزانہ اودھ اخبار کو ایڈٹ کرنے لگے۔ اس اخبار سے مرحوم کا تعلق سال گذشتہ تک رہا علمی مشاغل میں مصروف رہنے والے اشخاص کی زندگی اور بالخصوص شاعر کی زندگی بالعموم ایک سخت محنت کی زندگی ہوتی ہے شاعر کے لئے ایک نامور شاعر بن جانا کوئی آسان کام نہیں ہے اس کیلئے اسے اپنا لہو پسینہ ایک کر دینا پڑتا ہے شاعر کی مثال اس چیز سے دی جا سکتی ہے جو جلنے پر ہی خوشبو دیتی ہے شہرہ آفاق انگریز مصنف اسمائلر کا بھی قول ہے۔ شاعر کا تاج شہید کا تاج ہوا کرتا ہے اس کے علاوہ اگر اسے کسب معاش کی فکر دامنگیر ہو تو پھر اس کی جانکاہیوں کا کیا ٹھکانہ؟ نظر صاحب کی حالت میں بھی صرف یہی ساری باتیں وقوع پذیر نہیں ہوئی تھیں بلکہ مزید برآں ان کو اپنے عزیز ترین اقربا کی بے وقت موت کا غم بھی برداشت کرنا پڑا تھا نتیجہ یہ ہوا کہ ادھر دو ڈھائی برس سے مرحوم کی صحت زیادہ خراب رہنے لگی۔ اس خرابی نے ضیق النفس کی صورت اختیار کر لی اور وہ بالآخر اس عارضہ کے سبب ۱۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو آٹھ بجے صبح ۵۶ سال کی عمر میں یکا یک انتقال فرما گئے۔ اردو کے موجودہ انحطاط کے

زمانہ میں امید نہیں کی جاسکتی کہ نظر صاحب کی قبل از وقت وفات سے جو مخصوص جگہ بزم ادب میں خالی ہوگئی ہے وہ جلدی پر ہو سکے جناب محشر لکھنوی نے ذیل کے دلچسپ شعر میں مرحوم کی تاریخ کی وفات لکھی ہے۔

کلک محشر نے لکھا سال وفات
شاعر کامل نظر سے چھپ گیا
۲۳ ء ۱۹

مجھ ہیچمدان کی یہ بساط نہیں کہ نظر جیسے فاضل ادیب و مایۂ ناز سخنور کے علمی کارناموں پر تبصرہ کرسکوں۔ مرحوم سے میرا کوئی خاص تعارف نہیں تھا البتہ مجھے ان کی ذات بابرکات سے ایک غائبانہ عقیدت ضرور تھی ایسی عقیدت کی اقتضا سے مجبور ہوکر میں اپنی رائے کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ مرحوم کی زندگی کا بیشتر حصہ ایک ایسے زمانہ سے تعلق رکھتا تھا جب کہ اردو شاعری کی سلیس غزل گوئی کا عام رواج تھا اور جب کہ کسی شاعر کا صاحب دیوان ہونا ہی ایک بہت بڑی بات خیال کی جاتی تھی غزل کی صنف فی الواقع ایسی صنف ہے جو اپنی معنوی خصوصیات کے اعتبار سے عشق حقیقی یا عشق مجازی کے مختلف جذبات کے ساتھ ایک گہرا تعلق رکھتی ہے عشق کا خاصہ سوز و درد ہے بس ظاہر ہے کہ ایک غزل گو شاعر کے دل میں سوز و درد کا مادہ جس قدر زیادہ ہوگا اسی قدر شاعر کی کامیابی بھی یقینی ہے ان باتوں کے لحاظ سے نظر مرحوم کی طبیعت خاص طور پر موزوں واقع ہوئی تھی وہ ازل ہی سے ایک دردمند دل لے کر آئے تھے وقت کی مذکورہ بالا خصوصیات نے بھی ان کے دل پر اپنا اثر ڈالا تھا وہ غزل گوئی کی طرف رجوع ہوئے اور کہنہ مشقی کے ساتھ ساتھ ان کے درد و سوز والے دلی جذبات میں بھی دن بدن اضافہ ہوتا گیا مصیبت آلام و مشکلات نے بھی اضافہ میں کافی حصہ لیا تھا یہاں تک کہ اخیر چند سالوں سے تو وہ اپنی زندگی کو وبال سمجھنے لگے تھے اس طرف رفتار زمانہ سے متاثر ہوکر مرحوم نے نیچرل رنگ میں بھی طبع آزمائی کرنا شروع کر دیا تھا مگر یہاں بھی ان کا فطری رجحان بعض اوقات اپنی انتہائی نمود کی حالت میں نظر آجاتا تھا وہ نسبتاً غزل ہی زیادہ کہتے ہیں اور واقعی بات تو یہ ہے کہ ان کی غزلیں ہر پہلو سے دلچسپ ہوا کرتی تھیں انھیں اس صنف میں درجہ کمال حاصل تھا اس لحاظ سے اس وقت ان کا ہمسر شاید کوئی قرار دیا جاسکے کم از کم میرا خیال تو یہ ہے کہ نظر مرحوم فن غزل گوئی میں یکتائے عصر تھے۔ ہم ابھی بتلا چکے ہیں کہ نظر صاحب کی نیچرل نظموں میں بھی تغزل کا عنصر بیشتر غالب رہتا تھا اور راست گوئی مجھے یہ کہنے پر مجبور کرتی ہے جب کبھی انھوں نے ایسی نظموں کی تصنیف میں اپنی مقررہ روش سے متجاوز ہونے کی کوشش کی تو ان میں وہ تاثر نہیں پیدا ہوسکتی جو دل پوشیدہ ترین جذبات کو متحرک کر سکے لیکن اس سے مرحوم کے استادانہ اقتدار میں کوئی فرق نہیں آتا۔ خدائے سخن مرزا غالب دہلوی سے دبیر یا انیس لکھنوی کے طرز پر مرثیہ گوئی کی فرمائش کی گئی تھی تو آپ نے مشکل سے دو تین بند لکھے اور پھر یہ کہہ کر معذرت خواہ ہوئے کہ مجھے ایسی مشق بہم پہنچانے کے لئے اب کسی دوسری عمر کی ضرورت ہے بات یہ ہے کہ ہر شخص اپنی ایک خاص رغبت رکھتا ہے اور اسی کیمطابق لگاتار سعی و محنت کرنے پر اس کو بالآخر درجہ کمال حاصل ہوجاتا ہے نظر مرحوم میں بھی یہی بات تھی اشعار ذیل ملاحظہ ہوں۔

بہار میں ہے یہ ناز آفریں ادائے بہار
قدم زمین پہ رکھتی نہیں ہوائے بہار
غضب ہے شعلہ افشاں گرمی ادائے بہار
جدھر سے آگ لگی لے اڑی ہوائے بہار
وہ ایک تم کہ سراپا بہار و نازش گل
وہ ایک میں کہ نہیں صورت آشنائے بہار
بلا سے پیتے ہی پیتے چمن میں مر جاؤں

کسے امید ہے پھر آئے یا نہ آئے بہار
زمیں پہ لالہ گل بن کے آشکار ہوا
چھپا نہ خاک میں جب حسن خود نمائے بہار
تعلق گل وشبنم ہے راز الفت بھی
انھیں ہنسائے جہاں تک ہمیں رولائے بہار
وہ ایک دل جو کھلا اور کھل کے مرجھایا
ہے ابتدائے بہار اور انتہائے بہار
جہاں میں کس لئے کھلتے ہیں اب یہ لالہ گل
دل نظر نہیں مدت سے آشنائے بہار
کہاں ہیں جرعہ کش لطف ابتدائے بہار
وہ آئے ابر کے ٹکڑے چلی ہوائے بہار
وہ جھوم جھوم کے چاروں طرف گھٹا چھائی
ہوا نے کھول دی وہ زلف مشک سائے بہار
وہ شور رعد سے سارا جہان گونج اٹھا
ہوئی وہ دھوم سے پھر آج ابتدائے بہار
کڑک رہی ہے وہ بجلی گرج رہا ہے وہ ابر
بجا رہی ہے وہ ساز طرب ہوائے بہار
رہے نہ تن پہ کسی کے لباس بوسیدہ
نئے لباس درختوں کو پھر پہنائے بہار
چمن میں ابر کے چھینٹے کریں مسیحائی
خزاں کی فصل کے کشتوں کو پھر جلائے بہار

یہ اشعار مرحوم کی دونظموں سے منتخب کئے گئے ہیں۔ یہاں اقتباس نمبر۲ کے اشعار میں بھی کافی شگفتگی موجود ہے اوران میں بہار (یا شگال) کے مناظر کی ایک عمدہ تصویر کھینچی گئی ہے لیکن یہ بھی صاف ظاہر ہے کہ شاعر نے جوتاثر اقتباس نمبر۱ کے اشعار میں پیدا کر دی ہے وہ یہاں مفقود ہے اس کی وجہ محض یہی نہیں کہ نمبر۲ والے اشعار میں تغزل کا رنگ کم ہے یا تاثر کا وجود صرف طرز تغزل کے ساتھ ہی وابستہ ہوا کرتا ہے بلکہ دراصل مرحوم میں اس خاص بات کا نہ ہونا ہے جو کسی بڑے شاعر کے طبعی خاصہ کے موافق نظم کے کسی خاص شعبہ میں کافی تاثر ودلکشی پیدا کر سکتی ہے مرحوم کے دو مسدسوں کے دو دو منتخب بند ملاحظہ ہوں۔

ہوا تمام امیدوں کا خاتمہ تم پر
کسی سے اب نہ توقع نہ ہے کسی پہ نظر
جہاں میں اپنا ہو انجام کیا نہیں ہے خبر
مرے پہ دیکھیے ملتا ہے اب کفن کیونکر
کہاں گئے مری بگڑی سنوارنے والے
پکار لو مجھے لالہ پکارنے والے

تھمو تھمو کہ اس اجڑے مکاں کا تھا یہ چراغ
بہار پر تھا اسی نونہال سے یہ باغ
نہ ہوگا اب مجھے حاصل کبھی جہاں میں فراغ
تمام عمر دل ناتواں ہے اور یہ داغ
فغان بلبل جاں دل کے پار ہوتی ہے
نظر کے باغ سے رخصت بہار ہوتی ہے

برادران وطن کا پیام غم سن لو
حکایت ستم و قصہ الم سن لو
سنے نہ ہوں جو زمانے میں وہ ستم سن لو
غریب قوم کا احوال بیش و کم سن لو
جہان سے رخصت بیمار ہے خدا حافظ
جنازہ قوم کا تیار ہے خدا حافظ

اب ہم معزز ناظرین کے تفنن طبع کے لئے نظر صاحب کے

کلام کا نمونہ پیش کرتے ہیں جس کا انتخاب رسالہ زمانہ کی متعدد جلدوں سے کیا گیا ہے۔

درد اٹھا تھا نہ ایسا قلب شیدا میں کبھی
یہ ہجوم غم ہوا ہم پر نہ دنیا میں کبھی
اشک خونی بار ہا ٹپکے تھے آنکھوں سے مگر
اس قدر سرخی نہ تھی خون تمنا میں کبھی
خشک ہوتا ہے وہ دریائے محبت آہ آہ
جس کی طغیانی رکی دم بھر نہ دنیا میں کبھی
ہوگیا آغوش مادر بھی جدا آج اے نظر
اب ملے گی ایسی راحت پھر نہ دنیا میں کبھی

یہ اشعار اس نظم سے لئے گئے ہیں جو وفات مادر کے عنوان سے شائع ہوئی تھی ماں کی محبت ضرب المثل ہے۔اس کی موت سے جو یاس انگیز کیفیت دل پر طاری ہوتی ہے' اسے ان اشعار مین نہایت سادہ مگر درد آمیز اور موثر طریقہ پر دکھلایا گیا ہے۔دوسرے شعر میں تغزل کا گہرا رنگ ہے اور آخری شعر کو حسرت و یاس کا ایک جاندار مرقع کہنا بیجا نہ ہوگا

گردش دہر بھی اک گردش پیمانہ ہے
ذرے ذرے میں ترا جلوہ مستانہ ہے
اک طبیعت کی ادا سی کا اثر ہے اتنا
ساری دنیا نگہ یاس میں ویرانہ ہے
حالت محفل عشرت ہے رقم سب اس میں
ایک دفتر کے برابر' پر پروانہ ہے
پر تو مہر کجا ذرہ ناچیز کجا!
کیوں یہ دل حسرتی، جلوہ جانانہ ہے
تیرے ملنے کی وہ تقریب جو ہے یاد اب تک
جس سے کہتا ہوں وہ کہتا ہے اک افسانہ ہے

جس غزل کے یہ اشعار ہیں وہ موسم بہار میں لکھنو کے ایک نامی مشاعرہ میں پڑھی گئی تھی۔حقیقتاً غزل کی غزل مرصع ہے پہلے شعر میں معشوق حقیقی کے جلوہ مستانہ کی شمولیت کے اعتبار سے گردش دہر کو گردش پیمانہ ثابت کر دکھانے میں شعر نے غضب کی ندرت آفرینی سے کام لیا ہے۔تیسرا شعر بھی عدیم المثال ہے' محفل عشرت کی واقعی عبرت ناک حالت کا انکشاف کرنے کے لئے پر پروانہ کا دفتر ہی نہایت موزوں ہے' پانچویں شعر کی سادگی اور اس کے مفہوم کی دلچسپی قابل غور ہے افسانہ کے استعمال سے تقریب ملاقات کی انتہائی دلکشی کا پتہ چلتا ہے۔اور اس دلکشی سے اسباب دلکشی کی گونا گونیوں کا اظہار ہوتا ہے۔

ہر قدم پر باغ عالم میں بچھا ہے دام حسن
کون ایسا ہے جسے ذوق گرفتاری نہیں
میری حالت دیکھکر کیوں تم نے ٹھنڈی سانس لی
بے کسوں پر رحم آئین ستمگاری نہیں
اس کو رحم آئے کہاں یہ نا امیدی میں امید
دل کو خوش کرنا ہے شغل گر یہ وزاری نہیں
ہر طرف سے یہ صدا آتی ہے ملک حسن میں
یہ وہ دنیا ہے جہاں رسم وفاداری نہیں

دوسرا شعر طرز تغزل کی ایک نادر مثال ہے۔غم دوست عاشق اپنے معشوق کی ادائے جفا پر مٹا ہوا ہے اور اس کو آئین ستم گاری کی یاد دلا کر اپنے اوپر رحم کرنے سے باز رکھنا چاہتا ہے۔آخری شعر کا مضمون اگرچہ فرسودہ ہے لیکن حسن بندش نے شعر کو کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔

یاس و ناکامی سے بے حس قلب مضطر ہوگیا
اب ترا ملنا نہ ملنا سب برابر ہوگیا
آپ کا بیمار غم اور ضعف کی مجبوریاں !
ساری دنیا کا خلاصہ ایک بستر ہوگیا

مذکورہ بالا ہر شعر میں شان تغزل بھی ہے اور جدت طرازی کی نمود بھی۔

دل کی حالت نہیں سنبھلنے کی
اب یہ دنیا نہیں بدلنے کی
دیکھ لو سیر دم نکلنے کی
یہ ہوا پھر نہیں ہے چلنے کی
دل سوزاں کو شمع کیا کہئے
اس کو حسرت کہاں ہے جلنے کی

دوسرے شعر میں "سانس لینے کی تشبیہہ "ہوا چلنے" سے دینا اور اسی کی رعایت سے "سیر" کا لفظ لانا کس قدر تناسب آمیز ہے۔ آخری شعر میں حد درجہ کی نازک خیالی سے کام لیا گیا ہے۔ دل سوزاں کو شمع پر فوقیت دی گئی ہے۔ کیونکہ دل میں جلن کے ساتھ ہی جلنے کی حسرت بھی موجود ہے

امید زیست کیا ہو اس مریض رنج و حرمانی
دوا پیدا نہیں دنیا میں جس کے درد پنہاں کی
خزاں انجام ہے سب کی بہار چند روزہ کا
بہت روتا ہوں صورت دیکھ کر گلہائے خندانکی
یہ دو چیزیں ہیں جن کو ہم نے آنکھیں کھولکر دیکھا
سفیدی صبح محشر کی سیاہی شام ہجراں کی
سنا ہوگا شرار عشق سے دوزخ بھی کانپ اٹھا
مجھے دیکھو کہ ایسی آگ اپنے دل میں پنہاں کی

نظر اب چل کے کرنا چاہئے آباد مرقد کو
بہت ہے منتظر اپنی زمیں گور غریباں کی

سب اشعار تاثیر سے مملو ہیں نظر مرحوم نے اپنے دل کی دردانگیز حالت کا نقشہ نہایت کامیابی کے ساتھ کھینچا ہے' غزل کیا ہے غمزدہ شاعر کے احساسات باطنی کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے۔ مرحوم نے اپنے مخصوص شاعرانہ لہجہ میں بالکل سیدھے سادے الفاظ کے ذریعہ اپنی بپتی کہہ سنائی ہے۔ آخری شعر گویا اپنے اوپر کے چاروں اشعار کا خلاصہ ہے جس کے بعد اور کچھ کہنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

بے پروبالی ہوئی ہے باعث شادی مجھے
خانہ صیاد میں حاصل ہے آزادی مجھے
زندگی کا لطف تھا زندہ دلی تک اے نظر
مرگیا جب دل تو یکساں ہیں غم و شادی مجھے

پہلے شعر میں بے پروبالی کے تعلق سے قفس میں بھی آزادی کا دکھلانا بالکل اچھوتا خیال ہے۔ دوسرے شعر میں شاعر نے اپنی نسبت سے ایک فلسفیانہ نکتہ کو منظوم کر ڈالا۔ طرز بیان قابل داد و ستائش ہے۔

سوزاں غم جاوید سے دل بھی ہوجگر بھی
اک آگ کا شعلہ کہ ادھر بھی ہے ادھر بھی
اپنی شب ہجراں میں نہیں دخل تغیر
باطل ہے یہاں فلسفہ شام و سحر بی
وہ شمع نہیں ہے کہ ہو اک رات کی مہماں
جلتے ہیں تو بجھتے نہیں ہم وقت سحر بھی
اب یاس ہے ایسی کہ نہ وہ رنگ نہ تاثیر
پانی دم گریہ ہے نظر خون جگر بھی

مذکورہ بالا اشعار میں شعریت بھی ہے اور مرحوم کی انتہائی مغمومیت کا شائبہ بھی پھر سادگی اور صفائی تو ان کی شاعری کے لئے دو

لازم و ملزوم امور ہیں۔

آسماں سے چلے وہ قطرۂ آب!
جن سے پیاسی زمین ہو سیر آب!
چمن و سبزہ زار ہوں شاداب!
اور پیدا نہوں بحر میں گرداب!
ساری دنیا کو پالنے والے!
جان مردوں میں ڈالنے والے!
سخت تھا انتظار بارش آب!
قطرہ قطرہ تھا گوہر نایاب!
تابش مہر تھی جہاں کو عذاب!
دل تڑپتے رہتے تھے صورت سیماب!
ابر نے کی جو قطرہ افشانی!
ساری گری پہ پھر گیا پانی!

اے کلی!

قمر زمانی بیگم ---------

وہ کلی، جو رات میں ایک چاندنی رات میں، خدا جانے کس وقت، میرے دھڑکتے ہوئے سینے پر کھلی بھی اور مرجھا بھی گئی۔ سچ بتا تو کیا ہے؟

اے گرہ رنگ و بوائے عقدہ بہار شاعر تجھے صرف چند پتیوں کا مجموعہ پریشانی کہتے ہیں، کہنے دے، مگر میں تو تجھے ایک برقعہ پوش نازنین سمجھتی ہوں اور تیری حس کی قائل ہوں کہ صبح تک تو میرے ہم نفس ہونے کا بھی بار نہ اٹھا سکی۔

رات کو جب میں نے تجھے اپنے بے قرار دل پر بے چین پایا تو گھنٹوں تیری ننھی ننھی جنبش کو دیکھتی رہی اور غور کرتی رہی کہ اگر تجھ کو الگ کر دوں تو شاید میں اپنا اضطراب نہ دیکھ سکوں گی۔ تو ہلتی تھی تو میں سمجھتی تھی کہ میرا دل دھڑک رہا ہے۔ اس لئے میں نے تجھے کہ تو بھی میرے ہی ننھے سے دل کی طرح تھی وہیں سر پٹکنے کے لئے چھوڑ دیا۔ میں نہیں کہتی کہ تو نے مجھے کچھ سکون دیا مگر ہاں خدا جانے کیوں تیری جنبش، تیرے سمیں تنفس کے اندر میں نے خاموش لوریوں کا سا لطف اٹھایا اور سوگئی تو بدستور اپنا تنہا سر میرے سینہ پر پٹکتی رہی، تو اسی طرح میرے سینہ پر لہریں سی لیتی رہی، گویا تو ایک نقرئی چھوٹی سی کشتی تھی جو بلوریں سطح آب پر ڈگمگا رہی تھی۔

جب چاند کی کرنیں میرے پریشان بالوں کو آخری بار چوم کر آہستہ آہستہ دبے پاؤں چلی جا رہی تھیں۔ جب صبح کی روشنی میرے تلوؤں میں گدگدی سی پیدا کر رہی تھی، جب بادنسیم کے نرم و نازک ہاتھ میرے آنچل کو تان تان کر رہ جاتے تھے جب میری پازیب کے گھنگروؤں میں جھنکار آہستہ آہستہ بیدار ہونا چاہتی تھی، ہاں جب عمان نور کی فضا میں میری انگڑائیوں سے ایک مدو جزر کی کیفیت پیدا رہی تھی تو میری پلکیں ایک دوسرے سے جدا ہوئیں اور میری چڑھی ہوئی پتلی جو بادل میں نصف چھپے ہوئے چاند کی طرف نظر آتی تھی سب سے پہلا تجھی پر پڑی۔ مگر اب تو کلی نہ تھی اک پھول تھی مرجھایا ہوا---- ہائے تو نے مجھے سوتے ہوئے کس رنگ میں پایا کہ تیرا سارا گریبان چاک ہے تو نے مجھ میں وہ کونسی بات دیکھی کہ تیرا کلیجہ پاش پاش ہے۔ کاش میں تجھے دیکھ سکتی جب تجھ میں اول اول جنبش شگفتگی پیدا ہوئی، میں اندازہ کر سکتی کہ تیری قبائے احرام کیونکہ تار تار ہوئی۔ خدا جانے تیری پنکھڑیوں میں سب سے پہلی سکن کس طرح پڑی ہوگی۔ اور افسردگی کا یہ زرد سا ملگجا رنگ کیونکر رفتہ رفتہ ان پر چڑھا ہوگا۔ آہ! میں کیوں سوئی۔ میں نے تجھے کیوں موقع دیا، میری نیند میں تو اپنی آنکھیں کھول کر تباہ و برباد ہو جائے۔

کیا تو اب پھر کلی نہیں ہو سکتی۔ کیا پنی پنکھڑیاں سمیٹ کے تو اپنی ردائے سیمیں پر نہیں لپیٹ سکتی -----۔ نہیں تو نہیں کر سکتی، میں جانتی ہوں کہ اب تو صرف آفتاب کی کرنوں کا انتظار کر رہی ہے کہ وہ تیری رہی سہی تازگی کو جذب کر لیں۔ اور خشک ہو کر میرے سینہ سے جدا ہو جائے، مگر نہیں میں ایسا کبھی نہ ہونے دوں گی۔ تجھے خاک ہو جانے کی مہلت نہ دوں گی، ہوا کا حصہ صرف تیری نکہت تھی سو وہ لے اڑی، تیرا جسم میں محفوظ رکھوں گی، تیرا تن نازنین میری اس رات کی یادگار ہے جب میں نے کسی کی یاد میں وہ خواب دیکھا تھا جس کی تعبیر میں کسی سے نہیں پوچھ سکتی۔ اور اس لئے تو ہمیشہ اسی خواب کے پاس رہے گی۔

میں تجھے موقع (البم) میں وہاں رکھوں گی جہاں میں کاغذ پر اب بھی خواب ہی دیکھ رہی ہوں۔

اے کلی، اے پژمردہ کلی، اے خشک ہو کر خاک ہو جانے والی کلی، آرام کر تو نے میرے سینہ پر ایک رات بسر کی ہے، تو تیری خاک بھی میرے دامن میں رہے گی۔

احساس کی مصوری

ریاض صدیقی

۱۹۵۰ء کے بعد عالمی تغیرات کی رفتار اچانک تیز تر ہوگئی، طویل جغرافیائی مسافتیں سمٹ کر کم تر ہوگئیں، سمندر کی گہرائیوں سے خلائے بسیط تک انسانی قدموں کی آہٹیں گونج اٹھیں انسان نے اجتماعی جہدوعمل کے ذریعہ بحروبر کا گریبان چاک کردیا۔ اور نئے راستے تلاش کرلئے۔ اضافیت ومقداریت اور بیسویں صدی کے آئن سٹائینی تصور مادیت نے نیوکلیر سائنس کو عوامی معاشرے کے رگ وپے سے قریب کردیا ہے اور ہمارے حسی نظام پر خصوصاً ایشیائی، افریقی ممالک میں جدید سائنس اثر اندارز ہورہی ہے، ہمارا مزاج سائنسی اسرار ورموز کی حدوں کے عرفان تک پہنچنے سے قبل ہی اس کی عملی شکل سے مفاہمت پر مجبور ہوگی۔ یورپ کے مقابلے میں ایشیائی، افریقی ممالک کی معاشرتی پیچیدگیاں کئی گنا زیادہ ہیں۔ یہ علاقے نیم ترقی یافتہ ہیں ان پر نئی سائنسی قدروں کا بکھراؤ' سیاسی اور سماجی نظریوں کی ریل پیل اور معاشرے کی طبقاتی تقسیم کا سیلاب بھی ہے آزادی اور سماجی خودمختاری کا احساس اور ترقی یافتہ ملکوں کی جنگجو مصلحتوں کا خوف بھی ہے، جس نے افریقی، ایشیائی ممالک میں جگہ جگہ ناسور بنارکھے ہیں۔ چنانچہ یہاں معاشرتی اور اعصابی ہیجان روز افزوں ترقی کی جانب مائل ہے، لسانی اختلافات علاقائی مفادات اور تہذیبی وحدت کے مسائل اسی ہیجان کا سبب ہیں۔ ان تمام مجموعی کیفیات سے جو ذہنی بحران پسماندہ ممالک میں پیدا ہوا ہے، اسکی ماہیت بہت گنجلک ہے، قدیم کلاسیکی اور روایتی قدریں، جہاں فرد کی عظمت اور اس کی انفرادیت تاریخ میں نمایاں تھی نئے اقدار سے بری طرح متصادم ہیں اور جدید قدیم کو شکست پر مجبور کررہا ہے۔

۱۹۵۰ء سے قبل سائنس وصنعت کی ایک محدود شکل دیکھ عوام کو جو اعتماد اور یقین دستیاب ہوا تھا عصر حاضر کے پیچیدہ سائنسی نظام نے اس کو مجروح کردیا ہے، فرد کی قیمت اور ذاتی وجود کی مرکزیت کا برق رفتار انحطاط اس عہد کا سب سے اہم رجحان ہے۔ پاکستانی ادب پر ان رجحانات کا ابھار ۱۹۵۰ء کے بعد رونما ہوا ہے یہاں ہمیں فلسفہ وجود اور ذاتی حیثیت کی جستجو کا ایک نیا احساس ملتا ہے، جہاں شدید تنہائی، بے چارگی اور یاسیت شاعری پر اثر انداز ہورہی ہے اور اپنی انتہا پر پہنچ کر غیر یقینیت اور اعصابی اضمحلال کا روپ دھار لیتی ہے۔ ناصر کاظمی، مصطفیٰ زیدی، مختار صدیقی، سلیم اور، ظفر اقبال، احمد فراز اور دوسرے نوجوانوں کی یہاں یہ رنگ پوری طرح عیاں ہے، یہ فنکار ایسی بھول بھلیاں میں بھٹک رہے ہیں جہاں منزل کا کوئی نشان نہیں ملتا۔

تصنع سے طبیعت بھر گئی ہے
کوئی سچی مسرت چاہتا ہوں
(عدم)

ہم اپنے وجود کے ہیں منکر
منکر نہیں ذات کبریا کے!
(بشیر احمد بشیر)

مجھے گرنا ہے تو خود اپنے ہی قدموں پر گروں
جس طرح سایہ دیوار پہ دیوار گرے!
(شکیب)

مرے وجود پہ ہے قتل کی فضا کا طلسم
برہنہ پاؤں میں ہیں سلسلے کہانی کے
(ظفر اقبال)

میں وہ چراغ سرِرہ گزار دنیا ہوں
جو اپنی ذات کی تنہائیوں میں جل جائے
(عبیداللہ علیم)

ذات کے کرب میں بازار کی رسوائی میں
تم بھی شامل ہو اس انبوہ کی تنہائی
(مصطفیٰ زیدی)

جیلانی کامران نے نقوش کے شمارہ اگست ۱۹۶۹ء میں مصطفیٰ زیدی کی چند ایسی نظموں کا تعارف کرایا ہے جو عصر حاضر کے ہیجان اور شاعر کے داخلی انتشار کی نمائندہ کہی جا سکتی ہیں۔ اس الجھن نے اکثر شاعروں کے یہاں ترک دنیا نہ سہی لیکن عرفان حقائق کا رجحان ضرور پیدا کر دیا ہے اور ایک بار پھر مابعدالطبعیاتی خیال آرائی کا قلماؤ "CRYSTALLISATION" وجود پذیر ہوا ہے۔

ہستی فنا میں ہے کہ بقا میں پتہ ملے
ہم جوئے کوہسار تھے دریا میں آملے!
(یوسف ظفر)

مجھے بھی ڈھونڈ، کبھی محو آئینہ داری
میں تیرا عکس ہوں لیکن تجھے دکھائی نہ دوں
(احمد فراز)

تسخیر مہ و انجم کے باد صف بھی انساں
جبراں ہے کہ کچھ راز خدائی نہیں ملتا!
(سیف زلفی)

فگار پاؤں مرے اشک نارسا میرے
کہیں تو مل مجھے اے گم شدہ خدا میرے
(مصطفیٰ زیدی)

یہ شدید جذبہ یافتگی ان شاعروں کے یہاں ابھرتا ہے جنھوں نے خود کو مارکسی تصور مادیت کا پابند نہیں بنایا ہے اور کائنات کے مربوط نظام کو خارجیت کی نظر سے دیکھنا گوارہ نہیں کیا ہے یا وہ ہیں جو مارکس کی تاریخی منظر کشی سے متفق ہیں لیکن اس کی مذہب دشمنی کو قبول نہیں کرتے اس طبقے کے شاعر جو بڑی حد تک شعر گوئی کو ذہن اور جذبات کی ایک بے چین کروٹ اور وجدانی ردعمل تصور کرتے ہیں، کائنات کی صورت گری اور حیات کے اسرار اور رموز کو پالینے کے متمنی ہیں۔ وہ کائنات اور زندگی کے سروں کی جستجو کر لیتے ہیں۔ لیکن یہ سرے ملتے نہیں ہیں۔ وہ زندگی کے بارے میں ماورائی خیال کو مطلق قدر بنانا چاہتے ہیں، لیکن حیاتیاتی اور طبعیاتی صداقتیں (Biological And Physical Realities) زندگی کی بوقلمونیوں اور پراسراریت (Suspense) کو ختم کر دیتی ہیں تاہم یہ صداقتیں فطرت انسانی کے گوشوں میں چبھنے والی خلش کا مداوا نہیں بن پاتیں۔ فطرت ذہن میں خیالات کا بے ربط ہجوم بن کر کسی نامعلوم انتہا کے راز کا پتہ دیتی ہے۔

یہ رجحانات تصوف کی خیال پرستی سے ہم آہنگ ہیں اور بتاتے ہیں کہ انسانی تاریخ نے جہاں جہاں تمدنی حالات میں غیر یقینیت پیدا کی ہے شاعری نے وہی روش اختیار کی ہے جو کبھی حافظ و خیام اور رومی و سعدی کو جنم دیتی ہے۔ کبھی میر درد اور شاد عظیم آبادی کو کبھی فانی اور یگانہ کو اور کبھی سراج الدین ظفر اور احمد ندیم قاسمی کو۔ عصر حاضر کے شاعر اس اعتبار سے بلند ہیں کہ ان کی تصور پرستی اور وجدانی کیفیات کائنات اور معاشرے سے مربوط ہیں وہ مزاج خانقاہیت۔ ترک دنیا اور قیام و تجود و کشف والقا کی بے عمل لہروں سے محفوظ ہیں صوفیانہ تصور آرائی ندیم قاسمی اور سراج الدین ظفر کے یہاں خود تراشیدہ پیانوں میں ڈھل کر زیادہ واضح اور سادہ ہو جاتی ہے عملی اور اخلاقی تصوف نہیں ہے بلکہ ذہنی خط سفر ہے۔ ندیم اور ظفر نے مکمل طور

پر ایک وضح خط اظہار کی بنا رکھی ہے ایک نیا دبستان قائم کیا ہے۔ جہاں زندگی مادی اور روحانی اختلاط سے مل کر ایک مکمل اکائی بن جاتی ہے ۔فلسفہ تصوف کے مطابق انسان بہ مع کائناتی حسن کے گوناگوں مظاہر ایک جمال کل کا پرتو ہے جو آخرش جمال کل میں کھو جاتی ہے ۔مولانا روم فنا کو دیباچہ بقاء قرار دیتے ہیں۔

این بقا با از فنا یافتی
از فنا پس رو چرا بر تافتی

میر درد کے یہاں یہی خیال ملتا ہے

گر دیکھئے تو مظہر آثار بقا ہوں
اور سمجھئے جوں نکس مجھے محو فنا ہوں

یہی وحدت الوجود ندیم اور یوسف ظفر کے یہاں نظر آتی ہے

کون کہتا ہے کہ کھو جاؤں گا مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا
ہستی فنا میں ہے کہ بقا میں پتہ ملے
ہم جوئے کوہسار تھے دریا میں آ ملے

کشف عرفان کی تلاش میں مرحلہ ہے خواجہ حافظ کہتے ہیں

کس ندانست کہ منزل گہہ مقصود کجا است
ایں قدر ہست کہ بانگ جرسے می آید

ندیم کہتا ہے

سمجھ میں آنہ سکا یہ طلسم لیل و نہار
کہ دن طلوع نہ ہو پائے اور شام آجائے

صوفیا انسان کو ارفع و اعلیٰ مخلوق تصور کرتے ہیں انسان صانع عام کا مظہر ہے اور وحدت انسانی ذات میں گم ہے

وحدت از مطلعت ہویدا شد
دو تو گم گشت و از تو پیدا شد

ندیم کے یہاں یہی احساس، توانائی اور اعتماد کی روش شعاعوں کے ساتھ جلوہ گر نظر آتا ہے اور اس توانائی کو بنیاد بنا کر سماج اور کائنات کی صداقتوں کی ترجمانی کرتا ہے

خدا کے ذہن کا فن پارہ عظیم ہوں میں
تمام دہر کا دولہا ہوں میں ندیم ہوں میں
خدا شناس بھی ہوں اور خود شناس بھی ہوں
خدا سے دور بھی ہوں اور خدا کے پاس بھی ہوں

پروفیسر ممتاز حسین کو ندیم کے یہاں انسان کو حسین و طاقتور بنانے والا فلسفہ وحدت الوجود ملتا ہے۔ یہ خدا استحصال و جبر کے خلاف جدوجہد۔ سائنسی اقدار کے ارتقاء اور انقلاب کے عمل میں مانع نہیں ہے۔ میرے خیال میں یہی وہ حسن فکر اور طمانیت ہے جو ندیم کو کرب و ہیجان سے بچا کر صاف راستوں پر لے آتا ہے۔اور وہ عصر حاضر کے شاعروں میں اپنی کاملیت کا مرتبہ پالیتا ہے۔

کھڑے ہیں کس کے اشارے سے یہ بلند پہاڑ
یہ کس کے حکم سے لہریں ہیں محو رقص و سرور
میرے محبوب تری پردہ نشینی کی قسم
میں نے اشکوں کی قطاروں مین تجھے دیکھا

''ہمہ اوست'' سراج الدین ظفر کی غزل گوئی میں ایک نیا جلال و جمال ہے یہ آواز مانوس ہوتے ہوئے بھی بالکل نئی ہے یہاں حیاتیاتی حسن و جمال کو ایک ایسی بدمست نظر سے دیکھا گیا ہے جس کی مثال نہیں ملتی ۔رندی و سرمستی اور حسن بینی کے یہ پیمانے نئے ہیں۔لیکن یہ پیمانے ایک سفر مسلسل کی رو میں ہیں۔ جو آخر اسی جمال مطلق سے جا ملتے ہیں جو واحد ہے ظفر نے اس فلسفے کی تشریح کرتے ہوئے زندگی کو ایک تیز رفتار صداقت کہا ہے جو فنا کے مجازی روپ میں بقا کی سرحدوں سے

الحاق کرلیتی ہے۔زندگی نورِ حقیقی کا ایک جزو ہے جو اس نور سے ہم آغوش ہو کر بقعہ نور بن جاتی ہے۔شوق اور غزال اسی تسلسل کا استعارہ ہیں۔

کل رات ناگہاں مئے و ساغر کے روبرو!
روح ازل سے روح مری ہم سخن ہوئی
اپنے محیطِ ذات میں گم ہوگئے جو ہم
اک ذاتِ بے کراں سے ملاقات ہوگئی
تکوینِ کائنات کا کوئی سبب تو ہے
شاید ترے جمال کا ردِ عمل ہوا
کھول کر بندِ قبائے گل رخاں
حمد ربِ لایزالی کیجئے !!
اس کے سوا کچھ اور نہیں رازِ کائنات
اک ذرہ جمال برافروختہ ہوا

ساغر و مینا

--------- ماجد الباقری

ڈاکٹر سلام سندیلوی ہند و پاک کے ایک اعتدال پسند نقاد اور محقق کی حیثیت سے زیادہ معروف ہیں۔ "ساغر و مینا" ان کی ۱۹۴۲ء سے ۱۹۴۹ء تک کہی ہوئی نظموں اور غزلوں کا انتخاب ہے۔ اس کتاب کے عنوان سے صراحی اور پیانے کا ایک روایتی تصور ذہن میں آتا ہے جو آج تک ہماری محفل عیش و طرب کی ایک علامت سمجھا جاتا ہے۔ لیکن کتاب سے "شمشیر و سناں اول طاؤس و رباب آخر" والی کیفیت بھرپور انداز میں ابھرتی ہے۔ اور اس طرح یہ عنوان خوابیدہ ذہنوں کے لئے صور بیداری کا کام کرتا ہے۔ اس مجموعے کے دو شعر ہیں۔

عیش کو اب بھول جا آرام کو اب چھوڑ دے
ساغر و مینا کو میخانے کے در پہ توڑ دے
یہ مانا ہے سلام ابتک غلام ساغر و مینا
جو موقع مل گیا لہرائے گا قومی نشاں اپنا

ان اشعار سے یہ ظاہر ہے کہ ڈاکٹر سلام کو ذاتی عیش و نشاط سے زائد قومی اور ملکی آزادی کا خیال ہے ہر محب وطن شاعر یا شہری کی طرح ملکی آزادی میں سلام کا بھی بڑا حصہ ہے۔ ان کے رزمیہ لہجے میں مٹھاس اور سریلا پن ہے۔ جس سے وہ جابجا نوجوانوں اور ہم وطنوں کو چونکاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ اس انتخاب میں چونکہ وہ منظومات بھی شامل ہیں جو انگریزوں کی غلامی سے چھٹکارے کے بعد کہی گئی ہیں۔ اس لئے ان میں حکومت کی ذمہ داری اور عوام کے حقوق و فرائض کا اعادہ بھی شامل ہوگیا ہے جو بہر طور ایک آزاد معاشرے کی فاخرہ ضرورت ہے

"ساغر مینا" میں ۵۴ نظمیں اور غزلیں صرف ۲۶ ہیں اس سے قاری کو بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ سلام نے اپنے اظہار خیال کا بہتر ذریعہ نظم کو سمجھا ہے۔

ان کی انفرادیت غزلوں میں بھی مستحکم ہے۔ یہ اشعار ملاحظہ کیجئے۔ ان سے جدید اور نئے قاری بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

موت بھی کم نہ کریگی ظلمت بخت آدمی
کالے کفن سے رات کے تربت غم ڈھکی گئی
کل جو چٹکی تو سمجھا انہوں نے دی آواز
مجھے فریب دیا ہر قدم پہ دنیا نے
بتارہی ہیں یہ بنتی بگڑتی تصویریں
خلش سی ذہن میں پائی جاتی ہے
اف بدگمانیاں دل مردم گزیدہ کی
یہ حال ہے میں اپنے ہی سائے سے ڈر گیا
خود کو پہچانا تو اپنی کھل گئیں آنکھیں سلام
آئینے میں دیکھ کر اپنے کو حیراں ہوگیا
ہمیشہ دور کے جلوے فریب دیتے ہیں
ہے ورنہ چاند بیاباں کسی کو کیا معلوم
کھایا کسی نے زہر تو پی لی کسی نے آگ
کچھ ہے نہ سبزہ زار نہ کچھ لالہ زار ہے
کیوں پھینکتے ہو جسم جو بے روح ہوگیا
خالی ہوا ہے جام تو پھر سے بھرے کوئی
جن کا نہیں تھا کچھ بھی تعلق خیال سے
پرچھائیاں کچھ ایسی بھی دیکھی ہیں خواب میں

غزلوں سے متعلق میں اور زیادہ باتیں نہیں کہنا چاہتا کہ

غزل کے نقاد اور قاری آج پہلے سے کہیں زیادہ تعداد میں موجود ہیں
سلام کی نظموں کو میں منظوم آپ بیتی کہنا چاہتا تھا لیکن میں یہ بات اس
لئے نہیں کہہ سکتا کہ جس دریا یا غم کو انہوں نے اپنی ذات کے اتھاہ سمندر
میں غوطے لگانے کے بعد ابھارا ہے وہ عالمگیر ہے اور ذاتی احساس فن
اور مقصدیت کی تمام راہیں عملی اور فکری افادیت کے گول چکر کے پاس
جمع ہو جاتی ہیں۔

ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے کہا کہ "قدرت کی طرف
سے سلام کو زندگی میں ایسے واقعات پیش آ چکے ہیں جن کے سبب ان
کے کلام میں سوز و گداز پیدا ہو چکا ہے ایسا سوز و گداز جو اردو کے بہت
سے شاعر فرضی اور رسمی طور پر اپنے کلام میں پیدا کرتے ہیں" کتاب
کے مطالعے سے نہ صرف ان واقعات اور واردات قلبی کی صداقت کا
یقین ہوتا ہے بلکہ وہ حقیقی لے ابھی سنائی دیتی ہے جو سلام کی شاعری میں
پس منظر موسیقی کے مدھم سروں میں ابھرتی اور ڈوبتی رہتی ہے

اس مجموعے میں ان کی ایک معرکہ آرا نظم "پاگل کوے" بھی شامل ہے
جسے دیسی اور بدیسی ناقدین نے غم انگیز شاعری میں گرانقدر اضافہ قرار
دیا ہے۔ اس کے دو بند پیش کرتا ہوں جو میرے بیان کی کچھ گرہیں
کھولتے ہوئے اور سلام کی غم آگیں شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے
دکھائی دیں گے۔

اک باپ تھا بیلا باغ میں ہے جو زیر تربت برسوں سے
اک ماں جو گاؤں میں رہتی تھی ہے ساکن جنت برسوں سے
اک بھائی کہیں پردیس میں ہے جس سے ہے عداوت برسوں سے
اک دور کا ماموں ہے جس کو مجھ سے ہے شکایت برسوں سے
پھر کس کے آنے کا ہو گماں ہے کون یہاں آنے والا!
"پاگل کوے" مت بول یہاں ہے کون یہاں آنے والا!
اک چھوٹی بہن ہے ساتھ اپنے اور دو بہنیں سسرال میں ہیں
برسوں سے خبر ان کی نہ ملی کیا جانے وہ کس حال میں ہیں
آنا چاہیں تو آنہ سکیں، کچھ ایسے وہ جنجال میں ہیں!
ان کے شوہر مجھ سے بدظن ہیں، اور وہ شوہر کے جال میں ہیں
آئے گا اب کون یہاں ہے کون یہاں آنے والا!
پاگل کوے مت بول یہاں، ہے کون یہاں آنے والا!

یہ صرف شاعر ہی کی آپ بیتی نہیں ہے بلکہ آج کے بر سماجی
انسان کا المیہ ہے جسے سن کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے یہ واقعات ہم پر
بیت رہے ہیں۔

ڈاکٹر سلام کو اردو، ہندی، فارسی اور انگریزی پر عبور حاصل
ہے۔ اس طرح زبان و بیان کی خوبیاں کے ساتھ ساتھ وسعت مطالعہ
ان کی شاعری پہ بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ وہ بہت ستھری اور معیاری
زبان استعمال کرتے ہیں۔ جو سامحات سے پاک ہے اور اشعار بالعموم
مترنم اور رواں دواں بحروں میں کہتے ہیں۔ ان کی شاعری کا غالب
رجحان رومان پسندی ہے اور منتہا اصلاحی و اخلاقی۔ سلام کے کلام میں
وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو ایک فطری شاعر کی خصوصیات سے ہیں جگر
کا جذبہ عشق "الف لیلوی" ہے اور مبالغہ آمیز ہے جب کہ سلام کا عشق
حقیقی ہے اور دھرتی سے گہرا تعلق رکھنے کے ساتھ ساتھ سائنسی زمانے کی
ضروریات کو بھی پورا کرتا ہے۔ اس لئے ان کے ہر جزئیہ بیان کی تہ سے
عزم و ارتقاء کی ایک کونپل پھوٹتی ہے اور پھر ایک تناور درخت کی طرح
سایہ کر لیتی ہے یہ سایہ ہی دراصل عمل و حرکت کا وہ ہیولا ہے جو انسان کو
خودکشی سے باز رکھتا ہے۔ اور زندہ رہنے کا سلیقہ سکھاتا ہے اس لئے کہ
زندگی بہر طور ایک انمول امانت ہے۔

شمس الرحمن فاروقی نے کسی جگہ فیض کی بابت کہا ہے کہ فیض
کی شاعری پر اثر ہونے کے ساتھ غیر محتاط بھی ہے ان کے بہترین اشعار
میں بھی کھٹکتی ہوئی ترکیبیں قابل گرفت نظر نے ملے جلے استعارے اور

غزل کے نقاد اور قاری آج پہلے سے کہیں زیادہ تعداد میں موجود ہیں سلام کی نظموں کو میں منظوم آپ بیتی کہنا چاہتا تھا لیکن میں یہ بات اس لئے نہیں کہہ سکتا کہ جس دریا یا غم کو انہوں نے اپنی ذات کے اتھاہ سمندر میں غوطے لگانے کے بعد ابھارا ہے وہ عالمگیر ہے اور ذاتی احساس فن اور مقصدیت کی تمام راہیں عملی اور فکری افادیت کے گول چکر کے پاس جمع ہو جاتی ہیں۔

ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے کہا کہ ''قدرت کی طرف سے سلام کو زندگی میں ایسے واقعات بی پیش آ چکے ہیں جن کے سبب ان کے کلام میں سوز و گداز پیدا ہو چکا ہے ایسا سوز و گداز جو اردو کے بہت سے شاعر فرضی اور رسمی طور پر اپنے کلام میں پیدا کرتے ہیں'' کتاب کے مطالعے سے نہ صرف ان واقعات اور واردات قلبی کی صداقت کا یقین ہوتا ہے بلکہ وہ حقیقی لے بھی سنائی دیتی ہے جو سلام کی شاعری میں پس منظر موسیقی کے مدھم سروں میں ابھرتی اور ڈوبتی رہتی ہے

اس مجموعے میں ان کی ایک معرکہ آرا نظم ''پاگل کوے'' بھی شامل ہے جسے دیسی اور بدیسی ناقدین نے غم انگیز شاعری میں گرانقدر اضافہ قرار دیا ہے۔اس کے دو بند پیش کرتا ہوں جو میرے بیان کی کچھ گرہیں کھولتے ہوئے اور سلام کی غم آگیں شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے دکھائی دیں گے۔

اک باپ تھا بیلا باغ میں ہے جو زیر تربت برسوں سے
اک ماں جو گاؤں میں رہتی تھی ہے ساکن جنت برسوں سے
اک بھائی کہیں پردیس میں ہے جس سے ہے عداوت برسوں سے
اک دور کا ماموں ہے جس کو مجھ سے ہے شکایت برسوں سے
پھر کس کے آنے کا ہو گماں؛ ہے کون یہاں آنے والا!
''پاگل کوے'' مت بول یہاں؛ ہے کون یہاں آنے والا!

اک چھوٹی بہن ہے ساتھ اپنے اور دو بہنیں سسرال میں ہیں
برسوں سے خبر ان کی نہ ملی کیا جانے وہ کس حال میں ہیں
آنا چاہیں تو آ نہ سکیں، کچھ ایسے وہ جنجال میں ہیں!
ان کے شوہر مجھ سے بدظن ہیں، اور وہ شوہر کے جال میں ہیں
آئے گا اب کون یہاں ہے کون یہاں آنے والا!
پاگل کوے مت بول یہاں، ہے کون یہاں آنے والا!

یہ صرف شاعر ہی کی آپ بیتی نہیں ہے بلکہ آج کے ہر سماجی انسان کا المیہ ہے جسے سن کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے یہ واقعات ہم پر بیت رہے ہیں۔

ڈاکٹر سلام کو اردو، ہندی، فارسی اور انگریزی پر عبور حاصل ہے۔اس طرح زبان و بیان کی خوبیاں کے ساتھ ساتھ وسعت مطالعہ ان کی شاعری پہ بھی اثر انداز ہوتا ہے۔وہ بہت ستھری اور معیاری زبان استعمال کرتے ہیں۔جو تسامحات سے پاک ہے اور اشعار بالعموم مترنم اور رواں دواں بحروں میں کہتے ہیں۔ان کی شاعری کا غالب رجحان رومان پسندی ہے اور منتہا اصلاحی و اخلاقی۔سلام کے کلام میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو ایک فطری شاعر کی خصوصیات سے ہیں جگر کا جذبہ عشق ''الف لیلوی'' ہے اور مبالغہ آمیز ہے جب کہ سلام کا عشق حقیقی ہے اور دھرتی سے گہرا تعلق رکھنے کے ساتھ ساتھ سائنسی زمانے کی ضروریات کو بھی پورا کرتا ہے۔اس لئے ان کے ہر حزنیہ بیان کی تہ سے عزم و ارتقاء کی ایک کونپل پھوٹتی ہے اور پھر ایک تناور درخت کی طرح سایہ کر لیتی ہے یہ سایہ ہی دراصل عمل و حرکت کا وہ ہیولا ہے جو انسان کو خودکشی سے باز رکھتا ہے۔اور زندہ رہنے کا سلیقہ سکھاتا ہے، اس لئے کہ زندگی بہر طور ایک انمول امانت ہے۔

شمس الرحمٰن فاروقی نے کسی جگہ فیض کی بابت کہا ہے کہ فیض کی شاعری پر اثر ہونے کے ساتھ غیر محتاط بھی ہے ان کے بہترین اشعار میں بھی کھٹکتی ہوئی ترکیبیں، قابل گرفت فقرے ملے جلے استعارے اور

الفاظ کا غلط استعمال شعر کے میزانی تاثر کو مجروح اور اس کے جسم کو داغ دار کر دیتے ہیں''۔

میری ناقص رائے میں سلام کا کلام اس قسم کی غلطیوں سے مبرا ہے ۔سلام جذبے کے شاعر ہیں ۔فکر کی حیثیت ان کے یہاں ثانوی ہے ۔لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ ان کا کلام فکر سے عاری ہے۔ وہ جہاں فکر و فلسفہ کے موضوعات باندھنا چاہتے ہیں وہاں بھی شعر جذبے کی بھٹی میں پکنے کے بعد تخلیق کی شکل اختیار کرتا ہے۔ان کا حساس دل، ارفع اخلاق، انسانی تقدس کی فضا میں سانس لیتا ہوا کردار ایسے شخصی لوازمات ہیں جو ماضی کی متحرک قدروں سے ہم آہنگ ہو کر ان کی شاعرانہ انفرادیت کو قائم و دائم بنا دیتے ہیں۔

فراق گورکھپوری نے کہا کہ سلام کی شاعری کا سہج سبھاؤ، اس کی مترنم کلامی سلام کا اور صرف سلام کا حصہ ہے''۔

اور رشید امجد کا کہنا ہے ''سلام کے یہاں علاقائی اثرات کی وجہ سے ایک منفرد تاثر پیدا ہو گیا ہے ۔جس نے ان کے ہم عصروں میں ان کی انفرادیت کو ابھارا ہے''۔

فراق اور رشید امجد کے بیانات حرف بحرف درست معلوم ہوتے ہیں ۔میرے خیال میں سلام پہلے شاعر ہیں جنہوں نے بالقصد ایرانی اور عربی تلمیحات اولفاظی سے گریز کیا ہے وہ بلبل، ہما، عنقا، اور شتر مرغ پر نیڑی (ایک آبی پرند) ہریل، چکور، کوئل، شاما، سارس، اور تیتر جیسے معروف اردو کے علاقائی پرندوں کے نام کو ترجیح دیتے ہیں۔

جوش کے یہاں جس طرح فارسی اور عربی الفاظ خیال کے سامنے ہاتھ جوڑ کر سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں، سلام کے یہاں سرل ہندی اور کومل بھاشا کے شبد سمندر کی اتھاہ گہرائیوں سے اچھل اچھل کر اوپر آتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں ۔سلام کی انفرادیت میں اس شعوری اور غیر شعوری کوشش کو بھی بڑا دخل ہے کہ وہ سموچے ہندوستان کے تہذیبی، ثقافتی، معاشرتی اور سیاسی ورثے کو اپنی شاعری میں چابکدستی سے برتنے کے عادی ہیں ۔اس کے علاوہ منظر نگاری میں خارجی مظاہر کو تاریخ پر چسپاں کرنے اور تاریخ کو مظاہر میں بانٹ دینے کا سلیقہ بھی ان کا انفرادی ہے۔

سلام نے لیلیٰ مجنوں ۔شیریں فرہاد ۔وامق عذرا عیسیٰ صلیب اور کوہ قاف کی جگہ رادھا کرشن، ہیر رانجھا، سوہنی مہیوال، نل دمینتی، رام سیتا راون، لنکا، متھرا، سنجوگتا، خلجی، بسنت، پھاگن، ہولی اور آلہا وغیرہ کے وافر علاقائی خزانے کو جا بجا استعمال کیا ہے ان کے یہاں تلمیحات کی بندشیں کچھ اس طرح ہیں۔

تھا ایماں حسن کا جو دیکھ کر جلتی کڑھائی کو
نشانہ بڑھ کے ارجن نے بنایا چشم ماہی کو

شاید ان دو پھولوں میں ہے ایک سلیم اک نورجہاں
مینا بازار بناتے ہیں پانی میں دو مدہوش کنول

ایک جگہ چاند کو سیتا اور بادل کو راون سے تشبیہہ دے کر بند کو یوں ختم کیا ہے۔

وہ اس کی جانب بڑھتا ہے وہ اپنا بچاتی ہے دامن
آکاش پہ لنکا کا منظر دکھلاتے ہیں چاند اور بادل

(اے عمر ذرا آہستہ چل)

''ساغر و مینا'' میں شامل نظموں مین سے چند اشعار ملاحظہ کیجیے۔

میری غمگین نگاہوں میں سنسان ہیں یہ سارے منظر
بستی، وادی، دریا، صحرا، کہسار، چمن سورج تارے

(اپنے دیس کی شہزادی)

کسی پھول کو ایک پتہ چھپائے
ندی میں لئے جا رہا ہے بہائے!
یہ مشک پر جیسے سقہ بٹھائے

بھنور سے ہمایوں کو ساحل پہ لائے !
(تیری کمی ہے)

درختوں نے ملبوس کہنہ اتار رہے
نئی کونپلوں کے ہیں دلکش نظارے
مہکنے لگے آم کے پیڑ سارے
اتر آئے سرسوں کے پھولوں میں تارے
(بسنت)

سیاہیاں برس پڑیں فلک کی موج نیل سے
زمیں نے بھرلیا سبو شفق کی سرخ جھیل سے
(انتظار)

دوزخ سے آرہے تھے تپتے ہوئے جھکورے
سوکھے پڑے ہوئے تھے تالاب کے کٹورے
(گداگری)

عورتیں سڑکوں پہ جن کی پھر رہی ہیں بیقرار
کہنیوں پہ چیتھڑے سینے یہ کرتا تار تار
(برنا کی لاش)

پتے کھڑک رہے تھے ہوا کے خرام سے
ظلمت کے پر بکھرتے تھے بازو نے شام سے
(غلامی زنجیر)

پل بھر کے لئے پاگل رک جا گورکنا تیرا کام نہیں
میں بھرلوں میٹھے چشموں سے یہ اپنی مٹی کی چھاگل
(اے عمر ذرا آہستہ چل)

زندگانی کے یہ نشیب و فراز
جیسے جنگل میں دھوپ اور سایا
چاک کر کے تجاب طفلی کو!
رقص کرتا ترا شباب آیا
(پان کا شکریہ)

''ساغر و مینا'' کے مطالعے سے مجموعی تاثر یہ بنتا ہے کہ ڈاکٹر سلام سندیلوی نظم گو شاعر ہیں جن کے یہاں فطرت نگاری میں اردو کی علاقائی فضا ملتی ہے۔ہندی ساہتیہ سے قربت نے دھرتی کے ذائقے کو اور بھی سوندھا بنادیا ہے۔ان کے کلام کا یہی خاصہ انہیں اپنے ہم عصروں میں منفرد اور ممتاز حیثیت عطا کرتا ہے۔ایسی انفرادیت اسی وقت قائم ہوئی ہے جب کے شاعر نے اپنی دھرتی کی بو باس کو خلوص نیت سے اپنی سانسوں میں شامل کرلیا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر سید قاسم جلال

دل کا فرماں ہے کہ ماحول سے کٹ کر سوچیں
مصلحت کہتی ہے جذبات سے ہٹ کر سوچیں

دور لے جائیں نہ منزل سے یہ اندھے جذبے
آؤ اک بار پھر اک بار پلٹ کر سوچیں

کل تو سورج نہیں آئے گا سوا نیزے پر
شام کو پوچھتی ہیں مجھ سے لپٹ کر سوچیں

دل کا آئینہ کسی دور میں دھندلا نہ سکے
وقت کی دھول میں رہ جائیں نہ اَٹ کر سوچیں

جا کے قبروں کی مساوات کا منظر دیکھے
وہ جو کہتا ہے کہ طبقات میں بٹ کر سوچیں

یاد آتے ہیں کبھی جب وہ سلگتے جذبے
بین کرتی ہیں مرے ساتھ لپٹ کر سوچیں

میں نے تعبیر کے موضوع پہ جب غور کیا
لے گئیں خواب بھی آنکھوں سے جھپٹ کر سوچیں

دل میں ہر لحہ قیامت کا سماں ہو تو جلالؔ
کیسے آئیں کسی مرکز پہ بسمٹ کر سوچیں

حیات فریدؒ تریخ وار

نمبرشمار	تفصیل	سال ہجری	سال عیسوی
1	ولادت	26ذی الحجہ 1261ھ	1845ء
2	رسم بسم اللہ خوانی	1265ھ	1848ء
3	وفات والدہ ماجد	1265ھ	1848ء
4	ختم قرآن شریف	1269ھ	1852ء
5	وفات والد بزرگوار	1269ھ	1852ء
6	رہائش شاہی محل ڈیرہ نواب	1270تا1274ھ	1853تا1857ء
7	بیعت بدست خواجہ فخر جہان	1275ھ	1857ء
8	دستار فضیلت	1281ھ	1864ء
9	خرقہ خلافت	1287ھ	1870ء
10	وفات خواجہ فخر جہاں	1288ھ	1871ء
11	رسم دستار بندی	1288ھ	1872ء
12	روانگی حج بیت اللہ شریف	21شوال 1292ھ	1875ء
13	قیام ملتان حاضری مزارات	23-24 شوال"	"
14	رسیدگی لہور حاضری مزارات	27شوال"	"
15	رسیدگی دہلی"	یکم ذیقعد"	"
16	رسیدگی جے پور۔اجمیر	5ذیقعد"	"
17	دستار بندی اجمیر شریف اچ	7ذیقعد"	"
18	روانگی جہاز سفر حجاز	12ذیقعد"	"
19	رسیدگی جدہ	یکم ذی الحجہ"	"
20	رسیدگی مکہ شریف	2ذی الحجہ 1292ھ	1875ء
21	قیام مکہ شریف	21ذی الحجہ 1292ھ	"
22	روانگی مدینہ شریف	22ذی الحجہ 1292ھ	"
23	رسیدگی مدینہ شریف	5محرم الحرام 1293ھ	"
24	واپسی چاچڑاں	14ربیع الاول 1293ھ	1876ء
25	بیعت نواب قیصر خان	11محرم الحرام 1294ھ	1876ء
26	رہائش روہی (غیر مسلسل)	1293تا1311ھ	1876تا1893ء
27	بیعت محمد صادق خان	11محرم 1298ھ	1881ء
28	اشاعت دیوان فرید (سرائیکی اردو) مطبع قادری لہور	1299ھ	1882ء
29	تعمیر فرید محل	1313تا1314ھ	1894تا1896ء
30	شادی خواجہ محمد بخش نازک	1313ھ	1895ء
31	زیارت روضہ رکن الدین ابوالفتح ملتانی	17ربیع الثانی 1314ھ	1896ء
32	زیارت روضہ بہاوالحق ملتانی	23ربیع الثانی 1314ھ	"
33	زیارت مزار موسیٰ پاک شہید	"	"
34	وفات حسرت آیات	6ربیع الثانی 1319ھ	1901ء

محترم جناب علامہ اجمل مزاری صاحب

السلام علیکم!

برصغیر پاک وہند کے عظیم صوفی اور مشہور روحانی پیشوا سلطان العاشقین حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے عرس مبارک کی صد سالہ تقریبات جو کہ منعقدہ 26 تا 30 جون کوٹ مٹھن شریف میں منائی گئیں جن میں ملک بھر سے لاکھوں زائرین عظیم صوفی شاعر اور برصغیر پاک وہند کے روحانی پیشوا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے دربار فریدؒ پر حاضر ہوئے۔ اس موقع پر آپ کے اخبار/جریدہ نے جو خصوصی ایڈیشن شائع کیا ہے اس کو عقید تمندان فریدؒ نے بے حد سراہا ہے اور پسند کیا۔ میں ذاتی طور پر اور خواجہ فریدؒ فاؤنڈیشن کی طرف سے آپ کا شکرگزار ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ آئندہ بھی سلطان العاشقین حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے بارے میں آپ کا ادارہ مضامین اور خصوصی ایڈیشن شائع کرتا رہے گا۔

والسلام

آپ کا خیر اندیش

خواجہ معین الدین محبوب

سجادہ نشین دربار سلطان العاشقین

حضرت خواجہ غلام فریدؒ

سئیں علامہ اجمل مزاری سئیں شالا خوش پئے وسو

السلام علیکم!

امید ہے جو تساں ٹھیک ٹھاک ہوسو۔

"مرجات" دا نواں شمارہ مل گئے۔ تھورائیت ہاں۔

ماشاءاللہ "خواجہ فرید نمبر" مواد تے معیار دے حوالے نال بہوں سوہناں، دل چھک تے یادگار دستاویز ہے۔ تہاڈا اے علمی تے ادبی پورہیا ہمیشہ یاد رکھیا ویسی۔ "مرجات" کیتے ہک اردو تے ہک سرائیکی غزل بھجیندا پیاں۔ دوستاں تے سنگتیاں کوں میڈا نیازمندانہ سلام

تہاڈا آپناں

قاسم جلال

محترم سائیں علامہ اجمل مزاری

صاحب خوش وسوپئے (آمین)

بعد دعا سلام دے عرض اے طالب خیریت خیر نال عرض اے تہاڈے توسط نال شائع شدہ فرید نمبر جیرھا سراسر علمی ادبی تحقیقی نگارشات نال بھریا چتریا "مرجات" مل گئے۔ عالم فاضل لوکاں دے بہترین مضامین جنہیں وچ تمام صاحب مضمون لوک قابل تعریف ہن۔ پڑھ تے علم وچ ودھارا تھیا۔ لگدے اے سب کجھ تہاڈی محنت اتے عشق فریدؒ دا نتیجہ اے تہاڈی شابس ہے اساں جہیں ان جان بے سمجھ لوکاں کوں نال رلائی وددوتے سلاڑھی ودوا تے قطاری ودو۔ کتھاں سجادہ فرید محبوب سائیں دی لکھت کتھاں ڈاکٹر نبی بخش بلوچ دے حوالے۔ ول سید انیس شاہ جیلانی۔ بھل بھل قیس فریدی۔ انیس دین پوری صاحب دی وکھری تحریر۔ سائیں دی تحریر۔ حضرت خواجہ غلام فرید دے نام تے کلام دا استحصال۔ ول سرائیکی مجاہد تے مولانا نذیر الحق بلوچ صاحب دی عالمانہ تحریر ایں طرح سب دوستاں دیاں تحریراں "مرجات" دے حوالے نال کیتے سرمایہ ہن۔ جے سچ پوچھدو

تاں مرجات ایں دور وچ سرائیکی وسیب تے سرائیکی دی بہترین علمی ادبی خدمت وچ مصروف ہے۔ جیکوں دل، والے سمجھ سگدن اتے تہاڈی اے بھج دھرک ہمت ساڈیں تحریریں کوں جاہ ڈے تے ساکوں مل گھن گھدے۔
میڈے قطع مطابق

جذبے ساڈے گل گھن گھندے
جوڑ تے ساکوں پھل گھن گھندے
کمتر ساڈا سجن ساکوں
کہیں کہیں ویلھے مل گھن گھندے

اللہ کریسی تہاڈی ساڈی اے ادبی سانجھ مستقل رہ ویسی (آمین) عرض اے بندہ کجھ نہ کجھ سرائیکی حوالے نال لکھ پڑھ وچ مصروف اے رہندے۔
کجھ کتاباں ضرور شائع تھن۔ ہن ہی کتاب انشاء اللہ ''وطن وسدیاں قوماں ذاتاں'' چھپن دے مرحلے وچ ہے۔ لیکن کجھ دیر ضرور اے۔ ایں کتاب وچ کوئی 1600 اقوام ذاتاں دے ناں بلحاظ حروف تہجی موجود ہن۔ اتے کوئی 400 اقوام دا تعارف موجود ہے ضخامت 400 صفحات تئیں تھی ویسی۔ وڈے حرج تے خرچ دی ضرورت اے۔ دعا کرو اللہ کوئی ذریعہ جوڑے (آمین)

محترم مقبول دھریجہ صاحب کو سلام

قطعہ

تڑکوں مرشد بھاہ لگ ویسی
دھڑکوں مرشد بھاہ لگ ویسی
اساں کمتر جے کرنچسوں
پڑکوں مرشد بھاہ لگ ویسی

جمشید احمد کمتر احمدانی

(نوٹ) کمتر صاحب اپنی زیر طبع کتاب دے بارے اچ بعض مشورے طلب کیتن انشاء اللہ بذریعہ خط بھیج ڈیساں (ایڈیٹر)

القابات و خطابات

لقب	نام
ابوالبشر	حضرت آدم علیہ السلام
آدم ثانی	حضرت نوح علیہ السلام
کلیم اللہ	حضرت موسیٰ علیہ السلام
خلیل اللہ	حضرت ابراہیم علیہ السلام
ذبیح اللہ	حضرت اسماعیل علیہ السلام
ابوالانبیاء	حضرت ابراہیم علیہ السلام
اسرائیل	حضرت یعقوب علیہ السلام
خطیب الانبیاء	حضرت شعیب علیہ السلام
نجیب اللہ	حضرت داؤد علیہ السلام
صدیق اکبر	حضرت ابوبکرؓ
فاروق اعظم	حضرت عمرؓ
ذوالنورین	حضرت عثمانؓ
فاتح مصر	حضرت عمرو بن العاصؓ
شیر خدا	حضرت علیؓ
سیف اللہ	حضرت خالد بن ولیدؓ
یار غار	حضرت ابوبکر صدیقؓ
شاعر رسولؐ	حضرت حسان بن حارثؓ
خاتون جنت	حضرت فاطمۃ الزہرہؓ
حبیب رسولؐ	حضرت زید بن حارثؓ
محبوب الٰہی	حضرت نظام الدین اولیاءؒ
غوث اعظم	حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
شیخ الہند	حضرت شیخ سلیم چشتیؒ
طوطی ہند	امیر خسروؒ
سب سے بڑا ڈرامہ نگار	ولیم شیکسپیئر
قائداعظم	محمد علی جناح
رئیس الاحرار	مولانا محمد علی جوہر
شہید ملت	خان لیاقت علی خان
شیر میسور	سلطان فتح علی ٹیپو

(خالد اقبال ملک)

جامعہ ھذا کا نصاب تعلیم مکمل دینی علوم پر مشتمل ہے۔ جس میں تفسیر، حدیث نبویؐ، فقہ حنفی، فاضل عربی کے علاوہ قرآن پاک حفظ و تجوید کے ساتھ پرائمری تک مفت تعلیم دی جاتی ہے۔ اس وقت جامعہ میں مقامی و بیرونی دو صد طلباء و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ جامعہ کے سالانہ اخراجات علاوہ تعمیرات سات لاکھ سے متجاوز ہیں۔ کوئی مستقل آمدن نہیں ہے۔ یہ سب کچھ اللہ رب العزۃ کے فضل و کرم سے اور آپ جیسے مخلص حضرات کے تعاون سے پورا کیا جاتا ہے۔

ہماری خواہش ہے کہ آپ ایک مرتبہ جامعہ کا وزٹ ضرور کریں۔

چشم ما روشن دل ما شاد

الداعی الی الخیر صاحبزادہ قاضی خلیل الرحمان سراجی مہتمم جامعہ

کوٹ مٹھن۔ عظیم صوفی شاعر خواجہ غلام فریدؒ کے صد سالہ عرس کے موقع پر منعقد نیشنل سیمینار سے مخدوم شاہ محمود قریشی عمران خان اور مخدوم جاوید ہاشمی خطاب کر رہے ہیں انکے ساتھ سجادہ نشین خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ بیٹھے ہیں